قرآن عدد وحساب

(بچوں کے لیے قرآنی تعلیمات)

ترتیب وتزئین

ایس ایم نعمان عزیز خان

تالیف

ڈاکٹر نوشابہ کھوکھر

سوال: کسی قرآنی آیت میں عدد "ایک" کا عربی لفظ اور استعمال بتائیے۔

جواب: احد: ایک

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿الإخلاص:1﴾

"کہہ دو: اللہ ہر لحاظ سے ایک ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کیا قرآن مجید میں عدد "دو" کے لیے عربی لفظ موجود ہے؟

جواب: جی ہاں۔ (اثنین: دو)

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا (التوبة:40)

"اگر تم ان کی (یعنی نبی کریم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی) مدد نہیں کرو گے تو (ان کا کچھ نقصان نہیں، کیونکہ) اللہ ان کی مدد اس وقت کر چکا ہے جب ان کو کافر لوگوں نے ایسے وقت (مکہ سے) نکالا تھا جب وہ دو آدمیوں میں سے دوسرے تھے، جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے کہ: غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی کس آیت میں تین، چار، پانچ اور چھے اعداد کے لیے کون سے الفاظ موجود ہیں؟

جواب: (تین: ثَلٰثَة، چار: رَابِعُ، پانچ: خَمْسَة، چھ: سَادِسُ)

مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا (المجادلۃ:7)

"کبھی تین آدمیوں میں کوئی سرگوشی ایسی نہیں ہوتی جس میں چوتھا وہ (اللہ) نہ ہو، اور نہ پانچ آدمیوں کی کوئی سرگوشی ایسی ہوتی ہے جس میں چھٹا وہ (اللہ) نہ ہو، اور چاہے سرگوشی کرنے والے اس سے کم ہوں یا زیادہ، وہ جہاں بھی ہوں، اللہ ان کے ساتھ ہوتا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں "نو" کا عدد کس قصے میں موجود ہے؟

جواب: (تسع: نو)

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا * (کہف:25)

"اور وہ (اصحاب کہف) اپنے غار میں تین سو سال اور مزید نو سال (سوتے) رہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عدد "گیارہ" کے لیے قرآن مجید میں کون سا لفظ بیان ہوا ہے؟

جواب: (احد عشر: گیارہ)

اِذۡ قَالَ یُوۡسُفُ لِاَبِیۡهِ یٰۤاَبَتِ اِنِّیۡ رَاَیۡتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوۡکَبًا وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ رَاَیۡتُهُمۡ لِیۡ سٰجِدِیۡنَ ﴿یوسف:4﴾

"(یہ اس وقت کی بات ہے) جب یوسف نے اپنے والد (یعقوب (علیہ السلام)) سے کہا تھا کہ : ابا جان ! میں نے (خواب میں) گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ یہ سب مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عدد "بارہ" کے لیے قرآنی الفاظ بتائیے۔

جواب: (اثنا عشر: بارہ)

وَقَطَّعۡنٰهُمُ اثۡنَتَیۡ عَشۡرَةَ اَسۡبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی مُوۡسٰۤی اِذِ اسۡتَسۡقٰهُ قَوۡمُهٗۤ اَنِ اضۡرِبۡ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ

فَانْبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا (الاعراف:160)

"اور ہم نے ان کو (یعنی بنی اسرائیل کو) بارہ خاندانوں میں اس طرح تقسیم کر دیا تھا کہ وہ الگ الگ جماعتوں کی صورت اختیار کر گئے تھے۔ اور جب موسیٰ کی قوم نے ان سے پانی مانگا تو ہم نے ان کو وحی کے ذریعے حکم دیا کہ اپنی لاٹھی فلاں پتھر پر مارو۔ چنانچہ اس پتھر سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عدد "انیس" کے لیے قرآن مجید میں موجود ترکیب کیا ہے؟

جواب: (تِسۡعَةَ عَشَرَ: 19)

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ "وہ کھالوں کو جھلس دینے والی چیز ہے۔"

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ؕ (المدثر:29،30) "اس پر انیس (کارندے) مقرر ہوں گے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عدد "بیس، دوسو، سو اور ہزار" کے لیے قرآنی الفاظ بتائیے۔

جواب: (عشرون:20، مائتین:200، مِّائَةٌ:100، الف: 100)

اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْا اَلْفًا (الانفال:65)

"اگر تمہارے بیس آدمی ایسے ہوں گے جو ثابت قدم رہنے والے ہوں تو وہ دو سو پر غالب آجائیں گے۔ اور اگر تمہارے سو آدمی ہوں گے تو وہ ایک ہزار پر غالب آجائیں گے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں عدد "تیس اور چالیس" کے لیے کیا الفاظ بیان ہوئے ہیں؟

جواب: (ثلاثون:30، اربعون:40)

وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ (الاحقاف:15)

"اور اس (حمل) کو اٹھائے رکھنے اور اس کے دودھ چھڑانے کی مدت تیس مہینے ہوتی ہے یہاں تک کہ جب وہ اپنی پوری توانائی کو پہنچ گیا، اور چالیس سال کی عمر تک پہنچا تو وہ کہتا ہے کہ یارب! مجھے توفیق دیجیے کہ میں آپ کی اس نعمت کا شکر ادا کروں جو آپ نے مجھے اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عدد "پچاس" کے لیے قرآن میں کون سا لفظ بیان ہوا ہے؟

جواب: (خمسین: 50)

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰى قَوۡمِهٖ فَلَبِثَ فِيۡهِمۡ اَلۡفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمۡسِيۡنَ عَامًا (العنکبوت:14)

"اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کے پاس بھیجا تھا، چنانچہ پچاس کم ایک ہزار سال تک وہ ان کے درمیان رہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عدد "ساٹھ" کے لیے قرآن مجید میں کیا لفظ بیان ہوا ہے؟

جواب: (ستین:60)

فَمَنۡ لَّمۡ يَسۡتَطِعۡ فَاِطۡعَامُ سِتِّيۡنَ مِسۡكِيۡنًا ؕ

(المجادلة:4)

"پھر جس کو اس کی بھی استطاعت نہ ہو اس کے ذمے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں عدد "ستر" کے لیے کیا لفظ بیان ہوا ہے؟

جواب: (سبعین:70)

اِسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ اَوۡ لَا تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ ؕ اِنۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ سَبۡعِيۡنَ مَرَّةً فَلَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَفَرُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ

(التوبة:80)

"(اے نبی) تم ان کے لیے استغفار کرو یا نہ کرو، اگر تم ان کے لیے ستر مرتبہ استغفار کرو گے تب بھی اللہ انہیں معاف نہیں کرے گا۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کا رویہ اپنایا ہے، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت تک نہیں پہنچاتا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں عدد "ننانوے" کے لیے کون سے الفاظ بیان ہوئے ہیں؟

جواب: (تسع و تسعون:99، ننانوے)

إِنَّ هٰذَآ أَخِي لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ (ص:23)

"یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں، اور میرے پاس ایک ہی دنبی ہے، اب یہ کہتا ہے کہ وہ بھی میرے حوالے کرو، اور اس نے زور بیان سے مجھے دبا لیا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں سو کے عدد کے لیے کیا لفظ بیان ہوا ہے؟

جواب: (مائة:100)

فَأَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ط قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ إِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ وَانْظُرْ إِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ (البقرة:259)

"پھر اللہ نے اس شخص کو سو سال تک کے لیے موت دی، اور اس کے بعد زندہ کر دیا۔ (اور پھر) پوچھا کہ تم کتنے عرصے تک (اس حالت میں) رہے ہو؟ اس نے کہا: ایک دن یا ایک دن کا

کچھ حصہ۔ اللہ نے کہا: نہیں بلکہ تم سو سال اسی طرح رہے ہو۔
اب اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو کہ وہ ذرا نہیں سڑیں۔
اور (دوسری طرف) اپنے گدھے کو دیکھو (کہ گل سڑ کر اس کا
کیا حال ہو گیا ہے) اور یہ ہم نے اس لیے کیا تاکہ ہم تمہیں
لوگوں کے لیے (اپنی قدرت کا) ایک نشان بنا دیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: "تین ہزار" کا عدد قرآن مجید کی کس آیت میں ہے؟

جواب: إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُنزَلِينَ (آل عمران:124)

"جب (بدر کی جنگ میں) تم مومنوں سے کہہ رہے تھے کہ:
کیا تمہارے لیے یہ بات کافی نہیں ہے کہ تمہارا پروردگار تین
ہزار فرشتے اتار کر تمہاری مدد کو بھیج دے؟"

☆☆☆☆☆

سوال:عدد "پانچ ہزار" قرآن مجید میں کن الفاظ میں موجود ہے؟

جواب:(خمسة ألاف:5000)

بَلٰٓى اِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَتَتَّقُوۡا وَيَاۡتُوۡكُمۡ مِّنۡ فَوۡرِهِمۡ هٰذَا يُمۡدِدۡكُمۡ رَبُّكُمۡ بِخَمۡسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الۡمَلٰٓـئِكَةِ مُسَوِّمِيۡنَ (آل عمران:125)

"ہاں! بلکہ اگر تم صبر اور تقوی اختیار کرو اور وہ لوگ اپنے اسی ریلے میں اچانک تم تک پہنچ جائیں تو تمہارا پروردگار پانچ ہزار فرشتے تمہاری مدد کو بھیج دے گا جنہوں نے اپنی پہچان نمایاں کی ہوئی ہوگی۔"

☆☆☆☆☆

سوال:قرآن مجید میں ایک لاکھ کی گنتی کے لیے کون سے الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟

جواب:(مائة الف:100000،ایک لاکھ)

وَاَرۡسَلۡنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلۡفٍ اَوۡ يَزِيۡدُوۡنَ ۚ (الصافات:147)

"اور ہم نے انہیں ایک لاکھ، بلکہ اس سے بھی زیادہ لوگوں کے پاس پیغمبر بنا کر بھیجا تھا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کسر کسے کہتے ہیں؟ کسور: نصف ثلث ثلثان کس آیت میں بیان ہوئی ہیں؟

جواب: مکمل عدد کے ایک حصے کو کسر (Fraction) کہتے ہیں۔

نصف: دوسرا حصہ۔ آدھا

ثلث: تیسرا حِصّہ۔ ایک تہائی

ثلثان: دو تہائی

اِنَّ رَبَّكَ يَعۡلَمُ اَنَّكَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰى مِنۡ ثُلُثَىِ الَّيۡلِ وَنِصۡفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيۡنَ مَعَكَ‌ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ

(المزمل:20)

"(اے پیغمبر) تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم دو تہائی رات کے قریب، اور کبھی آدھی رات اور کبھی ایک تہائی رات (تہجد کی نماز کے لیے) کھڑے ہوتے ہو، اور تمہارے ساتھیوں میں سے بھی ایک جماعت (ایسا ہی کرتی ہے (اور رات اور دن کی ٹھیک ٹھیک مقدار اللہ ہی مقرر فرماتا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کسر ایک چوتھائی کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ اس پر مشتمل کوئی آیت بتایئے

جواب: (ربع: چوتھائی، ۱/۴، چار حصّوں میں سے ایک، چوتھائی حصّہ)

فَاِنۡ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِ وَصِيَّةٍ يُّوۡصِيۡنَ بِهَاۤ اَوۡ دَ يۡنٍ (النساء:12)

"اگر ان (تمہاری بیویوں) کی کوئی اولاد ہو تو اس وصیت پر عمل کرنے کے بعد جو انہوں نے کی ہو، اور ان کے قرض کی ادائیگی کے بعد تمہیں ان کے ترکے کا چوتھائی حصہ ملے گا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کسی عدد کے پانچویں حصے کو بیان کرنے کے لیے قرآن مجید میں کون سا لفظ آیا ہے؟

جواب: خمس: پانچواں حصہ

وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا غَنِمۡتُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوۡلِ وَلِذِى الۡقُرۡبٰى وَالۡيَتٰمٰى وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَابۡنِ السَّبِيۡلِ اِنۡ كُنۡتُمۡ اٰمَنۡتُمۡ بِاللّٰهِ (الانفال:41)

"اور (مسلمانو) یہ بات اپنے علم میں لے آؤ کہ تم جو کچھ مال غنیمت حاصل کرو اس کا پانچواں حصہ اللہ اور رسول اور ان کے قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کا حق

ہے (جس کی ادائیگی تم پر واجب ہے) اگر تم اللہ پر اور اس چیز پر ایمان رکھتے ہو۔"

☆☆☆☆☆

سوال: چھٹے حصے کی کسر کے لیے قرآن مجید میں کیا الفاظ آئے ہیں؟

جواب: (السُّدُسُ: چھٹا حصہ)

وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ (النساء:12)

"اور اگر وہ مرد یا عورت جس کی میراث تقسیم ہونی ہے، ایسا ہو کہ نہ اس کے والدین زندہ ہوں، نہ اولاد، اور اس کا ایک بھائی یا ایک بہن زندہ ہو تو ان میں سے ہر ایک چھٹے حصے کا حق دار ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی کس آیت میں آٹھویں حصے کی کسر کا ذکر ہے؟

جواب: (الثُّمُنُ: آٹھواں حصہ)

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ (النساء:12)

"اور اگر تمہاری کوئی اولاد ہو تو اس وصیت پر عمل کرنے کے بعد جو تم نے کی ہو، اور تمہارے قرض کی ادائیگی کے بعد ان (بیویوں) کو تمہارے ترکے کا آٹھواں حصہ ملے گا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں دسویں حصے کی کسر کے لیے کیا الفاظ آئے ہیں؟

جواب: (مِعْشَار: دسواں حصہ)

وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ (سباء:45)

"اور ان سے پہلے لوگوں نے بھی (پیغمبروں) کو جھٹلایا تھا، اور یہ (عرب کے مشرکین) تو اس سازوسامان کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے ہیں جو ہم نے ان (پہلے لوگوں) کو دے رکھا تھا، پھر بھی انہوں نے میرے پیغمبروں کو جھٹلایا، تو (دیکھ لو کہ) میری دی ہوئی سزا کیسی (سخت) تھی۔"

☆☆☆☆☆

سوال: جیومیٹری کے زاویہ مستقیم (180 ڈگری سیدھی لکیر) کی طرف قرآن مجید کی کس آیت سے رہنمائی ملتی ہے؟

جواب: (سورۃ الفاتحۃ کی آیت نمبر 6)

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (الفاتحۃ:1)

"ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں مہینوں کی گنتی یا پیمائش کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟

جواب: إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۚ فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ

(التوبۃ:36)

"حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ مہینے ہے۔ جو اللہ کی کتاب (یعنی لوح محفوظ) کے مطابق اس دن سے نافذ چلی آتی ہے جس دن اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا۔ ان (بارہ مہینوں) میں سے چار حرمت والے مہینے ہیں، یہی دین (کا) سیدھا سادہ (تقاضا) ہے، لہٰذا ان مہینوں کے معاملے میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو، اور تم سب ملکر مشرکوں سے اسی طرح لڑو جیسے وہ سب تم سے لڑتے ہیں، اور یقین رکھو کہ اللہ متقی لوگوں کے ساتھ ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورج اور چاند وقت کی کون سی مقدار ماپنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں؟

A YEAR

- YEAR - period of time taken by the Earth to complete one revolution around the Sun.
- MONTH – period of time originally measured with revolution of the Moon; today the reference is to simplified calendar year.
- DAY – period of time required for one rotation of the Earth on its axis (ось).
- HOUR – measure of time equal to the 24th part of an astronomical day (solar hour). It remains stable throughout the year. Hours are divided into 60 equal minutes.
- SECOND – basic unit of time measurement in the International System of Units.

جواب: (دن، رات، گھنٹے، مہینے اور سال)

هُوَ الَّذِىْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ (یونس:5)

"اور اللہ وہی ہے جس نے سورج کو سراپا روشنی بنایا، اور چاند کو سراپا نور، اور اس کے (سفر) کے لیے منزلیں مقرر کر دیں، تاکہ تم برسوں کی گنتی اور (مہینوں کا) حساب معلوم کر سکو۔ اللہ نے یہ سب کچھ بغیر کسی صحیح مقصد کے پیدا نہیں کر دیا وہ یہ نشانیاں ان لوگوں کے لیے کھول کھول کر بیان کرتا ہے جو سمجھ رکھتے ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: دن اور رات کے اوقات کی تقسیم (time calculation) کا مقصد کیا ہے؟

جواب: (دن کو کام، رات کو آرام)

فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ (الانعام:96)

"وہی ہے جس کے حکم سے صبح کو پو پھٹتی ہے، اور اسی نے رات کو سکون کا وقت بنایا ہے، اور سورج اور چاند کو ایک

حساب کا پابند! یہ سب کچھ اس ذات کی منصوبہ بندی ہے جس کا اقتدار بھی کامل ہے، علم بھی کامل۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کیا وقت کے حساب (time measurement) سے ایک رات، ایک ہزار مہینوں سے بڑھ کر ہو سکتی ہے؟

جواب: جی ہاں۔

(القدر:3)

"شب قدر (عبادت کرنے کا ثواب) ایک ہزار مہینوں (میں عبادت کرنے) سے بھی بہتر ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں بیان کردہ وزن (weight) کا چھوٹے سے چھوٹا پیمانہ کیا بیان ہوا ہے؟

جواب: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

(النساء:4)

"اللہ ذرہ (atom) برابر بھی کسی پر ظلم نہیں کرتا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: رائی کے دانے کے وزن کی اکائی کس آیت میں بیان ہوئی ہے؟

جواب: يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ (لقمان: 16)

"(لقمان نے یہ بھی کہا) بیٹا! اگر کوئی چیز رائی کے دانے کے برابر بھی ہو، اور وہ کسی چٹان میں ہو، یا آسمانوں میں یا زمین میں، تب بھی اللہ اسے حاضر کردے گا۔ یقین جانو اللہ بڑا باریک بیں، بہت باخبر ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کیا قرآن مجید میں زمین کے رقبہ (area) کا تصور موجود ہے؟

جواب: جی ہاں۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۙ (نوح:19)

"اور اللہ نے ہی تمہارے لیے زمین کو ایک فرش بنادیا ہے۔"

لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا (نوح:20)

"تاکہ تم اس کے کھلے ہوئے راستوں پر چلو۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں زمین کے رقبہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا؟

جواب:

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ (العنکبوت:56)

"اے میرے بندو جو ایمان لا چکے ہو! یقین جانو میری زمین بہت وسیع ہے، لہٰذا خالص میری عبادت کرو۔"

☆☆☆☆☆

سوال: فاصلے (distance and length) ناپنے کے حوالے سے کس آیت مبارکہ میں ماپنے کے معیارات کی طرف رہنمائی ملتی ہے؟

جواب: (قاب: گز بھر)

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ (النجم:9)

"یہاں تک کہ وہ دو کمانوں (گز بھر) کے فاصلے کے برابر آگیا، بلکہ اس سے بھی زیادہ نزدیک۔"

☆☆☆☆☆

سوال: دو مقامات کے درمیان فاصلہ (distance) کا عرصہ بیان کرنے کے حوالے سے کوئی آیت بتائیے۔

جواب: وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِينَ (سبا:18)

"اور ہم نے ان کے اور ان بستیوں کے درمیان جن پر ہم نے برکتیں نازل کی ہیں، ایسی بستیاں بسا رکھی تھیں جو دور سے نظر آتی تھیں، اور ان میں سفر کو نپے تلے مرحلوں میں بانٹ دیا تھا (اور کہا تھا کہ) ان (بستیوں) کے درمیان راتیں ہوں یا دن، امن وامان کے ساتھ سفر کرو۔"

☆☆☆☆☆